04/02/2025

07.40 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل اندرابی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

ہیڈ لائنز

*.......پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدر جمہوریہ کے مشترکہ خطاب سے متعلق شکریہ کی تحریک پر بحث۔

*....... مرکزی حکومت لوگوں کے مسائل حل کرنے اور انکے معیار زندگی میں بہتری لانے کے لئے وعدہ بند// وزیر اعظم نریندر مو دی

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ مالی شمولیات کو مستحکم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل۔

اور

*....... سرطان بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن آج// بیماری سے بچنے کےلئے طرز زندگی میں مثبت بدلاؤ لانے پر ماہرین کا زور۔

لوک سبھا

لوک سبھا میں آج دوسرے دن بھی صدر جمہوریہ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے متعلق شکریہ کی تحریک پر بحث جاری رہی۔ اس دوران حزب اقتدار جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان نے مرکزی حکومت کے فلاحی پروگراموں اور منصوبوں کو اُجاگر کر تے ہوئے کہا کہ ملک وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ترقی کی بلندیوں کو چھو رہا ہے جبکہ حزب اختلاف کے ارکان نے حکومت کی نکتہ چینی کر تے ہوئے الزام لگایا کہ ملک بقول انکے بہت سارے شعبوں میں ابھی بھی پیچھے ہے۔

راجیہ سبھا

اس دوران راجیہ سبھا میں آج صدر جمہوریہ کے خطاب سے متعلق شکریہ کی تحریک پر بحث ہوئی جس دوران بی جے پی کے ارکان نے کہا کہ مرکزی حکومت کے پچھلے دس برسوں کے کام سے یہ بات واضح ہو جا تی ہے کہ وِکست بھارت کے خواب کو اپنی معیاد کے اندر اندر شرمندہ تعبیر کیا جائے گا۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ انکی حکومت نے پچھلے دس برسوں کے دوران لوگوں کے مسائل حل کرنے اور انکے معیار حیات میں بہتر ی لانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ آج شام لوک سبھا میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب سے متعلق شکریہ کی تحریک پر ہوئی بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کے فلاحی پروگراموں اور پالیسیوں کے مثبت نتائج زمینی سطح پر واضح طور پر دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کو تاریخی اور ترغیب دینے والا قرار دیا ۔ انہوں نے کہا کہ انکی حکومت بچت بھی ، وکاس بھی یعنی لوگوں کا پیسہ لوگوں کےلئے منتر پر کام کر رہی ہے۔ نریندر مو دی نے کہا کہ ڈی بی ٹی کے ذریعے 40لاکھ کروڑ روپے براہ راست لوگوں کے بینک کھاتوں میں جمع کرائے گئے۔

-----(PM)--Byte-------

سیتا رمن

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج راجیہ سبھا میں ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ پر دھان منتری انٹرن شپ سکیم کے تحت اب تک ایک لاکھ27ہزار انٹرن شپ مواقعے پیدا کئے گئے ہیں اور ان میں سے28ہزار سے زائد نوجوان اس وقت انٹرن شپ کر رہے ہیں۔

بجلی

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ وہ سال2031-32تک روایتی اور قدرتی ذرائع سے بجلی کی پیدا واری صلاحیت 874 گیگاواٹ بڑھانے کا ارادا رکھتی ہے۔ یہ جانکاری آج بجلی کے وزیر مملکت شری پد نائیک نے راجیہ سبھا میں ایک سوال کا تحریری جواب دیتے ہوئے دی۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں جموں کشمیر کی سلامتی سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں ۔ میٹنگ میں جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، داخلہ سیکریٹری گووِند موہن ، انٹیلی جنس بیورو اور RAW کے سربراہوں کے علاوہ دیگر سینئر حکام بھی شرکت کر رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلی عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ لوگوں تک آسانی سے بینکنگ خدمات پہنچانا اور مالی شمولیات کو مستحکم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ جموںو کشمیر کی اقتصادی ترقی کے کے ساتھ ساتھ لوگوں کی خوشحالی کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔

انہوں نے ان باتوں کا اظہار آج جموں میں سٹیٹ بینک آف انڈیا جموںو کشمیر اور لداخ کے ڈپٹی جنرل منیجر روینڈرا کمار گپتا کے ساتھ بات کر نے کے دوران کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے خطے میں بینک کے کام کاج اور انکی طرف سے عملائے جا رہے بینکنگ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں-DTH خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

akashvanisrinagarnews@gmail.com

پر بھیج سکتے ہیں۔

انٹرو دن

آج پورے ملک میں سر طان بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن ہے۔ اس دن کی مناسبت سے آج جمونو کشمیر بھر میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ ماہرین نے کہا ہے کہ اگرچہ مختلف اقسام کے کینسر مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے تاہم وقت پر بیماری کی تشخیص اور آسان طرز زندگی اختیار کرنے سے اس بیماری پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے پیش ہے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ خصوصی رپورٹ۔

----(Tariq Rather)--V/O-----

سکمز

دریں اثناءآج شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں ورلڈ کینسر ڈے کے موقعے پر ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران ماہرین نے اس بیماری سے بچنے سے احتیاطی تدابیر اور ادارے میں دستیاب کینسر سے متعلق تشخیص اور علاج و معالجہ کی سہولیات کو اُجاگر کیا۔اس موقعے پر سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے جموں سے ورچول طور تقریب سے خطاب کیا۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کینسر مریضوں کو ہر طرح کی سہولیات بہم رکھنے کی وعدہ بند ہے۔اور اس سلسلے میں جمونا ور سرینگر شہروں میں سٹیٹ کینسر انسٹی چیوٹ قائم کئے گئے ہیں۔ آج گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں میں ایک روزہ کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔

نشہ

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں-وزیر اعظم  نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہرسطح پر ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس حوالے سے جب ہم نے سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر میں ڈین بزنس سٹیڈیز اینڈ سوشل سائنسز پروفیسر فیاض احمد نکا کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

.... (Prof.Fayaz Ah)....Byte........

کنبھ

ان دنوں یو پی کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ  خوش اسلوبی سے جاری ہے یہ میلہ 26فروری تک جاری رہے گا اور اب تک کروڑوں شردھالوں نے تروینی سنگم پر امرت اسنان کیا ہے ۔بوٹان کے باد شاہ جگمے کھیسر نمگیال وانگچک اور یوپی کے وزیر اعلیٰ یو گی آدتیہ نا تھ نے بھی آج تریوینی سنگم پر پوتر اسنان کیا۔

------Music------

قومی کھیل

دہرا دون اُتر کھنڈ میں38ویں قومی کھیل مقابلے خوش اسلوبی سے جاری ہیں۔

اُتر اکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے آج مہارانہ پرتاپ سپورٹس اسٹیڈیم کا دورہ کر کے کھلاڑیوں کےلئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

آکاشوانی نیوز کی نمائندہ ساکشی سنگھ نے دہرا دون سے ہمارے ساتھ بات کرتے ہوئے ان کھیلوں سے متعلق یہ تفاصیل دیں۔

-------V/O-------

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کے سیاحتی وسائل کو مکمل طور سے بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جموں میں منعقدہ ایک میٹنگ سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ خطے میں تمام سیاحتی مقامات کو ترقی دینے کےلئے اقدامات کئے جانے چاہئے۔

بی جے پی

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما نے آج جموں میں پارٹی کارکنوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ کشمیر کے لوگ اپنے اپنے علاقوں میں بی جے پی کو مزید مستحکم کرنے کےلئے آگے آرہے ہیں،جو ایک خوش آئند بات ہے ۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت جمونو کشمیر کے تمام خطوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

دریں اثناءبی جے پی کے جنرل سیکریٹری اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شر ما نے جموں میں جرائم کی بڑھتی ہوئی شرح پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے اس ضمن میں فوری کاروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اورایم ایل اے جڈی بل تنویر صادق نے آج چھانہ محلہ نوشہرہ میں ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا لوگوں کو درپیش مسائل کو حل کرنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخا بی منشور میں لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو ہر صورت میں پورا کیا جائے گا۔

اننت ناگ

مٹن اننت ناگ کے مارٹنڈ سوریہ مندر کے یوم تاسیس کے سلسلے میں آج مندر میں خصوصی پوجا اور ہون کا اہتمام کیا گیا۔ اس میں کا فی تعداد میں پنڈت برادری کے لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر جمونو کشمیر میں امن و امان، ترقی اور خوشحالی کےلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 14اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت6اعشاریہ8ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر25منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر05منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ